سوال.16 مندرجہ غیر تدریسی اقتباس کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ 1x8=8

داستان عام طور پر ایک طویل قصّے کو کہتے ہیں جس میں واقعات کو پُرکشش انداز میں اس طرح پیش کیا گیا ہو کہ پڑھنے والے کی دلچسپی اور تجسس برقرار رہے، اور وہ یہ سوچتا رہے کہ اب کیا ہوگا؟ داستان میں عام واقعات کے علاوہ مافوق الفطرت واقعات بھی پیش کیے جاتے ہیں۔اس میں جنّ، پری اور دیو وغیرہ کے حیرت انگیز کارنامے شامل ہوتے ہیں۔داستان میں عام طور پر بادشاہوں، شہزادوں، پریوں کی کہانیاں بیان کی جاتی ہیں۔طوالت اور قصّے میں سے قصہ پھوٹنا داستان کا فن ہے۔داستان میں حسن وعشق کی کہانیوں کے ساتھ ساتھ اخلاقیات کی تعلیم عام ہوتی ہے۔داستان جس زمانے میں لکھی جاتی تھی وہ اس عہد کی تہذیب کی علمبردار تسلیم کی جاتی رہی ہیں۔داستانے سنانے والوں کو داستان گو کہا جاتا ہے اور قدیم زمانے میں داستان گو شاہی درباروں سے وابستہ ہوا کرتے تھے۔بادشاہ داستان سن کر اپنا دل بہلاتے تھے۔اردو زبان کی بہت سے داستانیں سنسکرت سے ماخوذ ہیں جو عربی زبان سے فارسی اور پھر اردو زبان میں ترجمہ کی گئیں۔

(i) داستان کسے کہتے ہیں؟

(ii) اردو زبان کی بہت سی داستانیں کس زبان سے ماخوذ ہیں؟

(iii) داستان سنانے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(iv) قدیم زمانے میں بادشاہ اپنا دل بہلانے کے لیے کیا کرتے تھے؟

(v) مافوق الفطری عناصر سے کیا مطلب ہے؟

(vi) داستانوں میں عام طور پر کس کی کہانیاں بیان کی جاتی تھی؟

(vii) داستان میں کن کے حیرت انگیز کارنامے شامل ہوتے ہیں؟

(viii) داستان اپنے عہد کی کیا ہوتی ہیں؟

سوال.17 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ 1x3=3

اسم

ضمیر

صفت

سوال.18 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف لکھیے۔ 3x1=3

غزل

نظم

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com